مطبوعات

حدیث کی ننھی منّی کتاب | تالیف : پروفیسر صوفی عبدالعزیز صاحب۔ شائع کردہ : پبلشر: ایم اکرم وسیم ناتھ سٹریٹ۔ رام نگر۔ چوبرجی، لاہور۔ قیمت ۴۰ پیسے۔

چھوٹے بچوں کو ہادیٔ برحق صلی اللہ علیہ وسلّم کے حکیمانہ اقوال سے روشناس کرانے کی یہ ایک نہایت اچھی کوشش ہے۔ اس کتاب کے فاضل مصنّف نہ صرف علومِ اسلامیہ کے نامور عالم ہیں بلکہ ایک لمبے تدریسی تجربے کی وجہ سے وہ بچوں کی نفسیات سے بھی بخوبی واقف ہیں۔ خدا کرے کہ وہ اس مفید سلسلے کو جاری رکھیں۔ اس سے پیشتر اُسی نوعیت کا ایک مفید کتابچہ "قرآن کی ننھی منّی کتاب" بہت مقبول ہو چکا ہے۔

نورتن | تالیف۔ جناب شورش کاشمیری صاحب۔ صفحات ۱۹۱۔ قیمت ۵ روپے۔ شائع کردہ : مطبوعات چٹان۔ ۸۸ میکلوڈ روڈ، لاہور۔

تذکرہ نگاری ایک ایسا مشکل فن ہے جس میں احساس، مشاہدہ اور زبان پر قدرت تینوں کی خاصی تربیت درکار ہے۔ احساس شخصیت میں جان ڈالتا ہے، مشاہدہ اُس کی سیرت کے نقوش کو اُبھارتا ہے اور زبان، اُسے حیاتِ جاوداں بخشتی ہے۔ اس کتاب کے فاضل مصنّف میں یہ تینوں خوبیاں موجود ہیں۔ وہ ایک حساس آدمی ہونے کی وجہ سے کسی انسان کی "انسانیت" سے شدید متاثر ہوتے ہیں۔ ان کی قوّتِ مشاہدہ انہیں اس کے مختلف پہلوؤں کے ادراک میں مدد دیتی ہے اور زبان و بیان کی قدرت سے وہ اُسے ایک دلکش لافانی شخصیت بنا دیتے ہیں، ایک ایسی شخصیت جس میں خوبیاں اور خامیاں اس انداز سے جمع ہوں کہ وہ شخص فرشتہ کے بجائے قارئین کو انسان نظر آئے اور لوگ اُس کی کمزوریوں کے باوجود اُس سے پیار کریں۔ نورتن اسی نوعیت کی تذکرہ نگاری کا ایک خوبصورت مرقع ہے۔ اس میں عبدالمجید